سوال

(1230) دوسروں کے لیے اعمال صالحہ ہدیہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے والد صاحب دس سال ہوئے وفات پاگئے ہیں، اور وہ اپنے سب فرائض کے پابند تھے مگر کمزوری کی وجہ سے حج نہیں کر سکے۔ اللہ کی توفیق سے مجھے مملکت عربیہ سعودیہ میں تدریس کے سلسلہ میں آنے کا موقعہ ملا ہے، تو میں نے پہلے اپنی طرف سے حج اسلام ادا کیا اور اب اپنے والد صاحب کی طرف سے حج کرنا چاہتی ہوں۔ کیا یہ جائز ہے اور کیا انہیں اس کا اجر پہنچے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کے لیے جائز ہے کہ اپنے والد کی طرف سے حج کر سکتی ہیں۔ اس میں آپ کے لیے اجر عظیم ہے۔ اللہ تعالیٰ توفیق دے اور قبول فرمائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 869

محدث فتویٰ